اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن   اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

کھال کولیکشن پوائنٹ (Stall) کے مدنی پھول

1. دعوتِ اسلامی کے **ہر ہر ادارے** (جامعۃ المدینہ بوائز / گرلز، مدرسۃ المدینہ بوائز / گرلز، فیضانِ مدینہ، دعوتِ اسلامی کی مساجد) کے **باہر عید کے تینوں دن** قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے لیے کولیکشن پوائنٹ بنائیے (یعنی Stall لگائیے)۔
2. جو اسٹال جس اِدارے کی طرف سے لگایا جائے گا، اُس سے **متعلقہ تمام انتظامات** (مثلاً ٹیبل کرسی، شامیانہ، پینے کا پانی وغیرہ) کی تیاری بھی اُسی اِدارے کے ذِمے ہوگی۔
3. شہر نگران کی مشاورت سے **کھال کولیکشن پوائنٹ کم از کم 5 دن قبل طے کر لیجئے** کہ شہر میں کہاں کہاں کھال کولیکشن پوائنٹ ہوگا۔
4. ہوسکے تو ہر **کولیکشن پوائنٹ کی 3 رکنی مجلس** اور **ایک نگران** بنائیے تاکہ کسی ایک سے رابطہ نہ ہونے کی صورت میں دیگر سے رابطہ کیا جاسکے۔
5. جہاں کھال کولیکشن پوائنٹ بنانے کا طے ہوجائے، اس مقام پر **عید سے ایک دن قبل** (9 ذوالحجہ کو) عصر / مغرب تک وہاں قربانی کی کھالوں کا **بینر، شامیانہ** وغیرہ لگا دیجئے تاکہ اہلِ محلہ / گزرنے والوں کو معلوم ہوجائے کہ یہاں دعوتِ اسلامی کی طرف سے کھالیں جمع کی جائیں گی۔
6. کھال گودام پر بروقت کھالیں پہنچانے کے لئے شہر میں **ایک سے زیادہ کھال کولیکشن پوائنٹ** بنائیے۔
7. بالخصوص چھوٹے شہروں میں ایک **مرکزی کھال کولیکشن پوائنٹ** بنایا جائے جہاں شہر بھر کی کھالیں جمع ہوکر کھال گودام میں بھیجی جائیں۔
8. قربانی کی کھالیں جمع کرنے والے، رسالہ **ابلق گھوڑے سوار**، صفحہ 41 سے **قربانی کی کھالیں جمع کرنے والے کے لیے 22 نیّتیں اور احتیاطیں** ضرور پڑھیں۔
9. ہر کھال کولیکشن پوائنٹ پر **موٹر سائیکل / سائیکل** بھی موجود ہو۔
10. کھال کولیکشن پوائنٹ کے **قریبی محلے کی گلی گلی میں جاکر** قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی کوشش کیجئے۔
11. اسٹال پر **قربانی رسید بک**، دعوتِ اسلامی کے مختلف شعبہ جات کی اپڈیٹس والا **قربانی بروشر** اور **ٹھنڈے پانی** کا انتظام کیجئے۔
12. کولیکشن پوائنٹ پر کھال دینے والوں کا **خوشدلی کے ساتھ، مسکرا کر شکریہ** ادا کرنے کے ساتھ ساتھ کھال کی **رسید، کوئی رسالہ، بروشر تحفہ** پیش کیجئے۔
13. ہر شہر کی نوعیت کے اعتبار سے کھالیں گودام تک پہنچانے کے لیے متعلقہ **ضروری لوازمات مکمل کیجئے**، مثلاً 2 شہزور یا ھنڈائی گاڑی / رکشہ / وغیرہ ہر وقت موجود ہو۔
14. بہتر ہے کہ ایک گاڑی **چھوٹی کھالوں** کے لئے اور ایک **بڑی کھالوں** کے لیے ہو۔
15. اگر دونوں گاڑیاں بھرنے میں زیادہ وقت لگنے کا امکان ہو تو **ایک ہی گاڑی میں دونوں کھالیں** ڈال کر کھال گودام تک پہنچا دیجئے۔
16. گاڑی میں کھالیں رکھتے وقت **پہلے بڑی کھالیں نیچے**، پھر **چھوٹی کھالیں اوپر** رکھئے، تاکہ کھالوں کی حفاظت بھی رہے۔
17. گاڑی والے کے ساتھ کرائے کا جو بھی **معاہدہ طے ہو** (فی پھیرا / فی دن)، اس میں ضروری ہے کہ **ایک اسلامی بھائی اس گاڑی کے ساتھ مخصوص** ہو جو گاڑی بلاوجہ راستے میں کہیں رُکنے نہ دے، ڈرائیور کو کہیں جانے نہ دے، **یا بلاوجہ ضرورت سے زیادہ ہی اپنے طور پر ہی پھیرا نہ لگانے دے۔**
18. گرمی کی شدت کی وجہ سے **کھالوں کو خراب ہونے سے بچانے کے لیے** اولاً کولیکشن پوائنٹ پر کھال پہنچتے ہی کھال اُلٹی کر کے نمک لگا دیجئے یا فوراً شہر کے مرکزی پوائنٹ میں پہنچا دیجئے تاکہ وہاں سے کھال گودام میں بھیج کر فوری کھال محفوظ کی جاسکے۔
19. اگر کھال کے ساتھ پائے بھی آجائیں تو وہ الگ کرکے **صرف کھال ہی گودام** میں بھیجی جائے۔
20. کھال کولیکشن پوائنٹ پر **کھال کو لگانے والا نمک** بھی موجود ہو تاکہ اگر کوئی کھال لیٹ آئے یا خراب ہو رہی ہو اس کو فوراً وہاں ہی نمک لگا کر گودام پر بھجوا دیجئے۔
21. **نوٹ:** کھال کو نمک لگاتے وقت ہاتھوں پر **گلوز** (Gloves) **ضرور استعمال کیجئے**، ورنہ اس کے بغیر ہاتھ زخمی / خراب ہونے کا امکان ہے۔

پاکستان مشاورت آفس

3 ذوالحجہ 1445ھ، 10 جون 2024ء